P.R.NO.10/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

میرپور خاص میں وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر کا افتتاح

وفاقی افسران عوام الناس کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں۔ وفاقی محتسب

سال 2024ء میں دو لاکھ 23 ہزار شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ اعجاز احمد قریشی

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی میرپور خاص میں علاقائی دفتر کے افتتاح کے موقع پر اخبار نویسوں سے گفتگو

میرپور خاص ( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے میرپور خاص (سندھ) میں اپنے ادارے کے علاقائی دفتر کا افتتاح کر دیا۔ گزشتہ روز علاقائی دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے ادارے میں ہر سال عوامی شکایات کی دادرسی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات میں ریکارڈ اضافہ ہوا، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ حال ہی میں مظفر آباد آزاد کشمیر اور گلگت میں نئے علاقائی دفاتر قائم کے گئے ہیں اور اب میرپور خاص سمیت ملک بھر کے 24 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے، جب کہ اس سال دور دراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر بھی کھولے جائیں گے۔ افتتاحی تقریب میں وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے علاوہ میڈیا اور سول سوسائٹی کے کثیر افراد نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سال 2024ء کے دوران وفاقی محتسب میں دو لاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں جب کہ دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ سال سے 16 فیصد زیادہ ہیں۔ 93 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے انسوسٹی گیشن افسران ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر کھلی کچہریاں منعقد کر کے عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی شکایات کی دادرسی کرنا ہے، وفاقی محتسب نے وفاقی حکومت کے اداروں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت بھی کی جس میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار میں آنے والے سرکاری اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں۔ وفاقی محتسب نے بعد ازاں ایک پریس کانفرنس کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہر سال عام لوگوں کی شکایات کی دادرسی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ میڈیا محتسب کے بارے میں آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا بھرپور تعاون جاری رکھیں تا کہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارے کے ذریعے جلد اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

20 فروری 2025ء